VOTE
October 26

# آپ کا شہر۔ آپ کا ووٹ۔

ٹورنٹو میونسپل الیکشن

پیر، 26 اکتوبر، 2026

**toronto.ca/Elections**

میونسپل الیکشن کی معلومات کے لیے آپ کا قابل اعتماد ذریعہ۔

TORONTO

311

# ووٹ دینے کے لیے تیار ہو جائیں، ٹورنٹو!

## کون ووٹ دے سکتا ہے؟

ٹورنٹو کے 2026 کے میونسپل الیکشن میں ووٹ دینے کے اہل ہونے کے لیے، آپ کو درج ذیل ہونا ضروری ہے:

- کینیڈا کا  شہری ہونا؛ اور
- کم از کم 18 سال کی عمرکا  ہونا؛ اور
- ٹورنٹو شہر میں ایک رہائشی ہونا؛ یا
- اگرٹورنٹو کے غیر رہائشی بھی ہوں، لیکن آپ یا آپ کے شریک حیات ٹورنٹو میں جائیداد کے مالک ہوں یا کرائے پررہتے ہوں؛ اور
- کسی قانون کے تحت ووٹ دینے سے منع نہیں کیے گئے ہوں۔

آپ صرف ایک بار ووٹ دے سکتے ہیں اس سے قطع نظر کہ آپ ٹورنٹو میں کتنی بھی جائیدادوں کے مالک ہوں یا کرایہ پر ہوں۔
آپ کو اس وارڈ میں ووٹ دینا چاہیے جہاں آپ رہتے ہیں۔

## ہر وہ چیز یہاں پر پائیں جو آپ کو جاننے کی ضرورت ہے

**toronto.ca/Elections** پر جائیں:

- ووٹر لسٹ میں اپنی معلومات کی تصدیق، اضافہ یا اپ ڈیٹ کریں (11 اکتوبر کی شام 7 بجے تک)۔
- معلوم کریں کہ کہاں اور کب ووٹ دینا ہے۔
- شناخت کی ضروریات کے بارے میں جانیں۔
- ڈیجیٹل ووٹر انفارمیشن کارڈ ڈاؤن لوڈ کریں یا پرنٹ کریں۔
- اپنی ووٹنگ کی جگہ کے بارے میں قابل رسائی معلومات تلاش کریں۔
- ایک نمونہ بیلٹ اور اپنے وارڈ میں امیدواروں کی فہرست دیکھیں۔

## ووٹنگ کے اختیارات

### شخصی طور پر موجود ہو کر (ان پرسن)

آپ پیشگی ووٹنگ کے دوران یا الیکشن کے دن شخصی طور پرموجرد ہو کر (ان پرسن) ووٹ دے سکتے ہیں۔
**toronto.ca/Elections** پر اپنی ووٹنگ کی جگہ تلاش کریں۔

| **الیکشن کا دن** | **پیشگی ووٹنگ** |
|---|---|
| پیر، 26 اکتوبر | 6 سے 11 اکتوبر |
| صبح 10 بجے سے رات 8 بجے تک | صبح 10 بجے سے شام 7 بجے تک |

## ڈاک کے ذریعے

آپ **toronto.ca/Elections** پر بذریعہ ڈاک ووٹ دینے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ آپ کا مکمل شدہ میل ان ووٹنگ پیکج ٹورنٹو الیکشنز کو 14 اکتوبر کو 12 بجے (دوپہر) تک موصول ہوجانا چاہیے۔ اپنے نشان زد بیلٹ اور معاون دستاویزات کو واپس کرنے کے لیے، کسی محفوظ ٹورنٹو الیکشنز ڈراپ باکس کا استعمال کریں یا کینیڈا پوسٹ کے ذریعے پری پیڈ لفافہ میل کریں۔ **toronto.ca/Elections** پر ڈراپ باکس کے مقامات اور اوقات تلاش کریں۔

**<u>میل ان ووٹنگ کی اہم تاریخیں</u>**

**درخواست کی مدت:** منگل، یکم ستمبر سے جمعرات، 24 ستمبر شام 4:30 بجے تک

**واپسی کی آخری تاریخ:** 14 اکتوبر بروز بدھ 12 بجے (دوپہر)




## پراکسی کے ذریعے

اگر آپ شخصی طور پر موجود ہوکر (ان پرسن) یا بذریعہ ڈاک ووٹ دینے کے قابل نہیں ہیں، تو آپ اپنی طرف سے ووٹ دینے کے لیے پراکسی کے ذریعے کسی دوسرے انتخاب کنندہ کو مقرر کر سکتے ہیں۔ اس شخص کو ٹورنٹو کے 2026 کے میونسپل الیکشن میں ووٹ دینے کا اہل ہونا چاہیے۔

ووٹنگ پراکسی اپائنٹمنٹ فارم کی درخواست کرنے کے لیے، **VoterRegistration@toronto.ca** پر ای میل کریں یا **311** پر کال کریں۔

**<u>پراکسی ووٹنگ کی اہم تاریخیں</u>**

**ووٹنگ پراکسی اپائنٹمنٹ فارم کی درخواست کریں:** منگل یکم ستمبر سے شروع کر کے

**پراکسی فارم کو شخصی طور پر موجود ہو کر (ان پرسن) تصدیق شدہ ہونا ضروری ہےدرج ذیل تاریخ و وقت تک:**

پیر 26 اکتوبر شام 4:30 بجے

## ووٹرز لسٹ میں شامل ہوں

اپنی ووٹرز لسٹ کی معلومات کی تصدیق، اضافہ یا اپ ڈیٹ کرنے کے لیےtoronto.ca/Elections پر جائیں یا 311 پر کال کریں۔ ووٹر لسٹ میں آن لائن تبدیلیاں کرنے کی آخری تاریخ اتوار، 11 اکتوبر شام 7 بجے ہے۔

یہ یقینی بنانا ضروری ہے کہ آپ ووٹرز کی فہرست میں ہیں اور یہ کہ آپ کی معلومات درست ہیں، خاص طور پر اگر گزشتہ میونسپل الیکشن کے بعد آپ منتقل ہوئے ہوں یا آپ نے اپنا نام تبدیل کیا ہو۔ ووٹ ڈالنے سے پہلے ووٹر لسٹ میں شامل ہونے سے ووٹنگ کا عمل تیزتر ہو جائے گا۔

اگر آپ اتوار، 20 ستمبر تک ووٹرز کی فہرست میں شامل ہیں، تو آپ کو ووٹر معلوماتی کارڈ بھیج دیا جائے گا۔

آپ پیشگی ووٹنگ کے دوران یا الیکشن کے دن شخصی طور پر موجود ہو کربھی اپنا نام ووٹرز کی فہرست میں شامل کر سکتے ہیں۔

**ووٹ دینے کے لیے، آپ کو اہلیت کے تقاضے پورے کرنا ہوں گے اور ID دکھانا ہو گا، چاہے آپ ووٹرز کی فہرست (ووٹرز لسٹ) میں شامل ہوں۔**

**ووٹرز کی فہرست (ووٹرز لسٹ) کی کلیدی تاریخ**

**ووٹرز لسٹ کو آن لائن اپ ڈیٹ کرنے کی آخری تاریخ:** 11 اکتوبر بروز اتوار شام 7 بجے

## ووٹر انفارمیشن کارڈ

آپ کے  ووٹر انفارمیشن کارڈ (VIC) پر فہرست موجود ہوتی ہے کہ کب اور کہاں شخصی طور پر موجود ہو کر ووٹ دینا ہے۔ اپنے VIC کو ووٹنگ کی جگہ پر لانے سے ووٹنگ کا عمل تیزتر ہو جائے گا، لیکن آپ کو ووٹ دینے کے لیے VIC کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ کے VIC کو شناخت کے طور پر استعمال نہیں کیا جا سکتا ہے۔

**ووٹر انفارمیشن کارڈ کی اہم تاریخیں**

**ڈیجیٹل ووٹر انفارمیشن کارڈ آن لائن دستیاب ہے:** منگل یکم ستمبر سے شروع کر کے
**ووٹر معلوماتی کارڈ کا ڈاک کے ذریعے بھیجے جانا:** 28 ستمبر بروز پیر سے شروع ہو رہا ہے۔

kids VOTE weekend

## مستقبل کے ووٹرز جو اب بڑھ پل رہے ہیں

بچے ٹورنٹو کے 2027 ٹری آف دی ایئر کے موقع پر ووٹ دے سکتے ہیں اور ووٹنگ کے عمل کے بارے میں جان سکتے ہیں۔

**بروز ہفتہ، اکتوبر 10 اور اتوار، اکتوبر 11**
صبح 10 بجے سے شام 7 بجے تک
تمام 50 پیشگی ووٹنگ کے مقامات پر



**باس ووڈ (basswood):**
میرے سائے کی وجہ سے میں
پارک میں بہترین درخت
قرار دیا جاتا ہوں!



**کاغذی برچ:**
میرے بیج دور دور تک اڑتے ہیں
تاکہ میں ہر جگہ اگ سکوں!



**سرخ بلوط:**
میرے کورنز (acorns) اور
پتے میرے دوست
جانوروں کے لیے
مزیدار نمکین ہیں!



**شوگر میپل:**
میرا میٹھا رس اور
روشن رنگ دنیا بھر میں
مشہور ہیں!



**سفید پائن:**
میری سوئیاں
پناہ فراہم کریتی ہیں
میرے تمام دوست
جانوروں کے لیے
سال بھر!

**امیدواروں سے ملیں**

جیتنے والے درخت کو ٹورنٹو کا 2027 ٹری آف دی ایئر کا نام دیا جائے گا اور اسے پودے لگانے کے لیے، اسکولوں کو پودے پیش کرنے کے لیے، اور تمام عوامی درختوں کے تحفے کی تقریبات میں مفت پودے کی دستیابی کرکے منایا جائے گا۔

**تفریحی سرگرمیوں اور وسائل کے لیے toronto.ca/KidsVote ملاحظہ کریں:**

- بیلٹ کو نشان زد کرنے کا طریقہ سیکھیں۔
- چیک کریں کہ کہاں ووٹ دینا ہے۔
- دریافت کریں کہ کس امیدوار درخت کے پتے سب سے بڑے ہیں، **یا** سب سے زیادہ کھردری چھال ہے یا سب سے زیادہ ذائقہ دار رس ہے۔
- معلوم کریں کہ کون سے امیدوار درخت کو شہد کی مکھیاں، پرندے اور گلہری سب سے زیادہ پسند کرتے ہیں۔

# toronto.ca/KidsVote

## رسائی کی معلومات

ووٹنگ کے تمام مقامات قابل رسائی ہیں اور معاون افراد اور خدمت کرنے والے جانوروں کے استعمال کا خیرمقدم کرتے ہیں۔ آپ کی ووٹنگ کی جگہ تک رسائی کے بارے میں معلومات **toronto.ca/Elections پر مل سکتی ہے۔**

**قابل رسائی ووٹنگ کا سامان**

- ووٹر اسسٹ ٹرمینل (VAT) معذور رائے دہندگان کو مختلف معاون ڈیوائسز کا استعمال کرتے ہوئے اپنے بیلٹ کو نجی اور آزادانہ طور پر نشان زد کرنے کی اجازت دیتا ہے۔
- فونٹ کے سائز اور رنگ کے تضاد کو ایڈجسٹ کرنے کے لیے VATs میں ٹچ اسکرین، ایک آڈیو فنکشن، بریل کی پیڈ، ایک سپ/پف ٹیوب ڈیوائس، ایک راکر پیڈل، اور زوم کی خصوصیات شامل ہیں۔
- VATs انتخابات کے دن تمام پیشگی ووٹنگ کے مقامات اور فی وارڈ دو ووٹنگ کے مقامات پر دستیاب ہوں گے۔ اگر آپ کو انتخابات کے دن ووٹر اسسٹ ٹرمینل (Voter Assist Terminal) کی ضرورت ہے اور وہ آپ کے نامزد کردہ ووٹنگ کی جگہ پر موجود نہیں ہے، تو آپ 311 پر کال کر کے اپنا بیلٹ منتقل کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

**دیگر خدمات:**

- اگر آپ شخصی طور پر موجود ہو کر(ان پرسن) ووٹ دینے کے قابل نہیں ہیں، تو آپ بذریعہ ڈاک ووٹ دینے کی درخواست کر سکتے ہیں یا ووٹنگ پراکسی مقرر کر سکتے ہیں۔ پچھلی پشت پردیکھیں یا مزید معلومات کے لیے toronto.ca/Elections ملاحظہ کریں۔
- تمام ووٹنگ کی جگہوں پر میگنیفیکیشن شیٹس، بریل ووٹنگ کی ہدایات، بریل بیلٹ اوورلیز، اور 26 زبانوں میں ووٹ ڈالنے کے طریقہ سے متعلق ہدایات ہیں۔
- آپ اپنی مدد کے لیے کسی دوست یا معاون شخص کو لا سکتے ہیں۔
- اگر آپ ووٹنگ کی جگہ کے اندر جانے سے قاصر ہیں، تو آپ کا بیلٹ آپ کے پاس باہر یا آپ کی گاڑی تک لایا جا سکتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے 311 پر کال کریں۔
- اگر آپ اپنی نامزد کردہ ووٹنگ کی جگہ پر کسی رکاوٹ کا اندازہ لگاتے ہیں، تو آپ پہلے سے 311 پر کال کر کے ووٹنگ کی دوسری جگہ پر بیلٹ کی منتقلی کی درخواست کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ بہرے، کم سماعت کے حامل، سماعت سے محروم ہیں، یا بولنے سے معذور افراد کے لیے، آپ اپنے TTY ڈیوائس کا استعمال کرتے ہوئے 711 ڈائل کرکے انتخابی معلومات تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں۔
- اضافی رسائی کے تعاون کے لیے، AccessibleElections@toronto.ca پر رابطہ کریں۔

## قابلِ قبول شناخت

ووٹ دینے کے لیے، آپ کو انتخابی اہلکار کو اپنے نام اور اہل ٹورنٹو ایڈریس کے ساتھ ایک عدد قابل قبول شناخت (ID) دکھانا چاہیے۔ فوٹو آئی ڈی کی ضرورت نہیں ہے۔

**قابلِ قبول شناخت (ID) کی مثالیں:**

- اونٹاریو سے جاری کردہ ڈرائیور کا لائسنس، فوٹو کارڈ یا موٹر وہیکل پرمٹ (گاڑی کا حصہ)۔
- کریڈٹ کارڈ یا بینک اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ یا منسوخ شدہ ذاتی چیک۔

- رہن (مارٹگیج) کی  اسٹیٹمنٹ، لیز یا کرایہ کا معاہدہ۔
- کسی آجر کی طرف سے جاری کردہ چیک کا اسٹب، T4 کی  اسٹیٹمنٹ یا تنخواہ کی رسید۔
- اونٹاریو ورکس یا اونٹاریو ڈس ایبلٹی سپورٹ پروگرام کی طرف سے براہ راست ڈیپازٹ کی  اسٹیٹمنٹ۔
- پراپرٹی ٹیکس یا انکم ٹیکس کی تشخیص کا نوٹس۔
- ہائیڈرو، پانی، گیس، ٹیلی فون یا کیبل ٹی وی کے لیے یوٹیلیٹی بل۔

**الیکٹرانک ID:**

- آپ اپنی  موبائل ڈیوائس پر کسی دستاویز کو بطور ID دکھا سکتے ہیں اگر وہ دستاویز الیکٹرانک طور پر جاری کی گئی ہو (مثال کے طور پر ڈیجیٹل فون بل یا کریڈٹ کارڈ اسٹیٹمنٹ)۔
- آپ کسی دستاویز کی تصویر، فوٹو کاپی یا اسکین کو بطور ID نہیں دکھا سکتے ہیں اگر وہ دستاویز الیکٹرانک طور پر جاری نہیں کی گئی ہو (مثال کے طور پر آپ کے ڈرائیور  لائسنس کی تصویر)۔







**toronto.ca/Elections پر قابل قبول شناخت کی مکمل فہرست تلاش کریں۔**




- آپ اپنا ووٹر انفارمیشن کارڈ بطور شناخت  استعمال **نہیں کر سکتے۔**
- آپ اپنا پاسپورٹ بطور ID استعمال **نہیں** کر سکتے، کیونکہ یہ آپ کا پتہ نہیں دکھاتا ہے۔

toronto.ca/Elections

elections@toronto.ca

311

@cityoftoronto

City of Toronto

@cityofto